سوال

(429) دنیاوی قبر اور برزخی قبر میں عذاب

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی دنیاوی قبر کے عذاب کا منکر ہے کہتا ہے کہ برزخی قبر میں عذاب ہوتا ہے اسی طرح مومن کی برزخی قبر کشادہ ہوتی ہے دنیاوی قبر نہیں ۔ یہ عقیدہ اسلام کی نظر میں کیسا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دنیاوی قبر کا تعلق بھی اصلا برزخ سے ہے ۔ لہذا اس تفریق کی کوئی ضرورت نہیں عذاب قبر ہر دو صورت میں برحق ہے ۔تاویل یا انکار کی کوئی گنجائش نہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص728

محدث فتویٰ